آپ ایک کمپنی میں مارکٹینگ آفیسر ہیں۔ آپ کی کمپنی نے اپنے صارفین کے لیے خصوصی پیش کش کا اعلان کیا ہے۔ اپنی کمپنی کے صارف کو بذریعہ ای میل اپنی اس پیش کش سے مطلع کیجیے۔

اپنی ای میل میں مُندرجِ ذیل نکات ضرور شامل کیجیے۔

- یہ ای میل کیوں لکھی جارہی ہے؟
- صارفین کو کی جانے والی پیش کش کا لُب لباب کیا ہے؟
- یہ پیش کش کیوں کی جارہی ہے اور اس کا دورانیہ کیا ہے۔

آپ کی ای میل تقریباً 150 الفاظ پر مشتمل ہونی چاہیے۔

ای میل کے مواد کے لیے 6 نمبر اور صحیح زبان اور طرزِ تحریر کے 8 نمبر دیے جائیں گے۔

Rizwan 234@sse.com

موضوع: خصوصی رعایت آپ کی منتظر

محترم محمد رضوان!

السلامُ علیکم!

آپ کا بہت شکریہ کہ آپ ایک عرصے سے ہماری مصنوعات استعمال کر رہے ہیں۔ ہم اپنے فعال صارفین کی دل چسپی اور مفادات کا خاص خیال رکھتے ہوئے اکثر خصوصی پیش کشیں کرتے رہتے ہیں۔ آج اس ای میل کے ذریعے ایسی ہی ایک پیش کش سے آپ کو مطلع کیا جارہا ہے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ہماری کمپنی اپنی صداقت و دیانت اور محنت کی وجہ سے دن دُگنی رات چوگُنی ترقی کر رہی ہے۔ ہم اپنے صارفین کو اپنی اس ترقی کے ثمرات سے فائدہ اُٹھانے کے لیے ایک خصوصی رعایت کی پیش کش کر رہے ہیں۔ جس کے مطابق اگر آپ نومبر کے مہینے میں ہماری مصنوعات کی خریداری کرتے ہیں تو آپ کو ایک کُوپن ملے گا جس کے ذریعے آپ ہماری بھی مصنوعات کی خریداری پر پچاس فی صد رعایت کے مستحق ہوں گے۔ مزید برآں یہ کہ پانچ کُوپن رکھنے والے صارف ہماری عمرے کے لیے قرعہ اندازی میں بھی شامل ہوں گے۔

ہم اُمید کرتے ہیں کہ آپ اس پیش کش سے بھرپور فائدہ اُٹھاتے ہوئے زیادہ سے زیادہ کُوپن حاصل کریں گے۔ یاد رہے یہ پیش کش صرف نومبر کے مہینے کے لیے ہے۔ کیوں کہ نومبر کا مہینہ ہماری کمپنی کی گولڈن جوبلی کا مہینہ ہے۔ ہم آپ سے یہ بھی توقع کرتے ہیں کہ آپ ہمارے پیغام کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائیں گے۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس پیش کش سے مستفید ہو سکیں۔ اپنا بہت سا خیال رکھیے۔

خیر اندیش

ثاقب حسین

مارکیٹنگ آفیسر جہانِ نو کمپنی اسلام آباد